# مکافاتِ عمل

از سدرہ انصاری

اکیلی کیوں لگی ہو کام کرنے۔۔۔؟؟ بھئی دوسری مہارانیاں کہاں ہیں۔۔۔ان کو بھی بلاؤ۔۔۔۔

ان کو کام کرنا منع ہے کیا۔۔۔؟؟مل جل کر کام کریں۔۔۔۔

یہاں سارا کام جیٹھانی پر ڈال کر اپنے اپنے کمروں میں گھسی بیٹھی ہیں۔۔۔

نصرت کچن میں کام کرتی مومنہ کو دیکھ کر غصے سے بولیں۔۔۔۔

امی کوئی بات نہیں میں کرلوں گی۔۔۔ارے ایسے کیسے کرلو گی۔۔۔۔۔

سمیر کتنا رو رہا ہے جاؤ اس کے پاس جاؤ۔۔۔۔میں ان تینوں کو بلاتی ہوں ذرا۔۔۔


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

تم جاؤ بچے کو ہلکان مت کیا کرو۔۔۔۔جی امی۔۔۔مومنہ سر ہلاتی ہوئی کچن سے باہر جانے لگی۔۔۔

بات سنو۔۔۔نصرت کچھ یاد آنے پر فوراً پلٹیں۔۔۔ارباز کو بولو۔۔۔۔۔۔۔

مجھے کچھ پیسے چاہیے۔۔۔آفس جانے سے پہلے مجھے دے کے جائے۔۔۔

جی امی ٹھیک ہے۔۔۔میں کہہ دوں گی انہیں۔۔۔۔

اے میں کہتی ہوں کونسے ملک کی شہزادیاں ہو تم لوگ۔۔۔۔جو نا دن چڑھے کی ہوش ہوتی ہے۔۔۔۔

اور نا ہی کسی کام کی۔۔۔۔نصرت صحن میں کھڑی بول رہی تھیں۔۔۔۔

جی امی۔۔۔۔کوئی کام تھا۔۔۔۔؟؟تینوں بہوئیں چراغ کے جن کی طرح حاضر ہوئی تھیں۔۔۔۔۔

اگر آج کے بعد تم تینوں میں سے کوئی بھی مجھے اتنی دیر تک سوتی نظر آئی۔۔۔۔


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

تو یہاں سے چلتا کروں گی۔۔۔ پھر اپنے میکے میں سوتی رہنا۔۔۔۔۔

اب جلدی سے کام پر لگ جاؤ۔۔۔۔ کوئی ادھر ادھر سوتی ہوئی نظر نا آئے مجھے۔۔۔

ارباز امی کو کچھ پیسے چاہیئے تھے۔۔۔ آپ ان سے جا کے پوچھ لیں۔۔۔

اور پیسے دے دیں۔۔۔ مومنہ سمیر کو چپ کرواتی ہوئی بولی۔۔۔۔

جو مسلسل رو رہا تھا۔۔۔۔ مومنہ میں آ کر بات کر لوں گا امی سے۔۔۔۔۔

ابھی لیٹ ہو رہا ہوں آفس سے۔۔۔۔ اور بچے بھی سکول سے لیٹ ہو جائیں گے۔۔۔

آپ عالیہ اور زین کی فکر نا کریں۔۔۔۔ آپ ان کو ڈرائیور کے ساتھ بھیج دیں۔۔۔۔

اور جا کر پہلے امی کی بات سنیں۔۔۔ آپ کے لئے ہر کام بعد میں امی پہلے ہونی چاہیئں

۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مومنہ نرمی سے بولی تھی۔۔۔۔ مومنہ تمہیں پتا ہے تم نے میری زندگی کو جنت بنا دیا

ہے۔۔۔

میرے گھر والوں کا، میرا، میرے بچوں کا اتنا خیال رکھتی ہو۔۔۔

میں بہت خوشنصیب ہوں کہ مجھے تم ملی۔۔۔۔اچھا اب بہت ہو گئی تعریف۔۔۔

سب جائیں امی کے پاس۔۔۔۔مومنہ سرخ ہوتے گالوں سے ارباز کی طرف دیکھتی ہوئی

بولی۔۔۔۔۔۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے جا رہا ہوں۔۔۔بچوں جلدی سے آجاؤ۔۔۔سکول سے لیٹ ہو رہے ہو۔۔۔

آج ڈرائیور انکل کے ساتھ جانا ہے۔۔۔۔ارباز ان کو لیتا باہر نکل گیا۔۔۔۔

مومنہ اتنے اچھے شوہر اور بچوں کے بارے میں سوچتی ہوئی خدا کا شکر ادا کر رہی تھی

۔۔۔۔

جی امی آپ نے بلایا۔۔۔۔ارے اب اتنے بھی بھولے نا بنو۔۔۔بیوی نے بتا ہی دیا ہو گا

۔۔۔

کے کیا بات کرنی ہے مجھے۔۔۔جی امی وہ تو بتایا مومنہ نے کہ آپ کو پیسے چاہیے تھے

۔۔۔

ارباز تابعداری سے جواب دیتا ہوا بولا۔۔۔تو بار بار ماں کو شرمندہ کر کے تمہیں کیا ملتا

ہے۔۔۔؟؟

نصرت غصے سے بولیں۔۔۔ماں جی کیا ہو گیا ہے۔۔۔میں نے تو ویسے ہی پوچھا تھا۔۔۔

اونہہ سب پتا ہے مجھے۔۔۔اب ایسے منہ اٹھا کر کیا دیکھ رہے ہو۔۔۔۔

جب پتا ہے کہ پیسے مانگنے کے لیے بلایا ہے تو دے دو۔۔۔تیس ہزار چاہیے مجھے۔۔۔

نصرت منہ بنا کر بولیں۔۔۔ماں جی اتنے پیسے۔۔۔۔اتنے پیسے اک دم سے میں کیسے

دوں۔۔۔۔

اور آپ نے کیا کرنا ہے اتنے پیسوں کا۔۔۔آپ کی ہر ضرورت پوری کر رہا ہوں میں

۔۔۔

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

ارے بس بھئی رہنے دو۔۔۔اپنی بیوی بچوں کی ضروریات پوری کرتے ہوئے اتنا پیسہ پتا نہیں کہاں سے آجاتا ہے۔۔۔

اور ماں سے اک اک پیسے کا حساب مانگتے ہو۔۔۔جاؤ بھئی مجھے نہیں چاہیے تمہارے پیسے ۔۔۔۔

نصرت ہاتھ نچاتی ہوئی بولیں۔۔۔امی میں نے پیسے دینے سے انکار نہیں کیا۔۔۔

میں بس اتنا کہنا چاہتا ہوں کے پورے گھر کی ذمہ داری ہے مجھ پر۔۔۔۔۔

میرے بیوی بچے ہیں۔۔۔ان کا خیال رکھنا بھی میرا فرض ہے۔۔۔۔۔

چھوٹے تینوں بھائی شادی شدہ ہیں۔۔۔پھر بھی ان کا خرچ میں اٹھا رہا ہوں۔۔۔

کہاں ہوتا ہے ایسا کہ شادی کے بعد بھی بڑے بھائی چھوٹے بھائیوں کا خرچ اٹھاتے ہیں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارباز آہستہ مگر مضبوط لہجے میں بول رہا تھا۔۔۔ہاں بھیا سب سمجھتی ہوں میں۔۔۔

خون سفید ہو گئے ہیں۔۔۔جاؤاب نظروں سے ہٹ جاؤمیری۔۔۔۔۔۔

نصرت منہ پھیر کر بولیں۔۔۔۔امی رات تک آپ کو پیسے مل جائیں گے۔۔۔۔

ارباز شکستہ سا اٹھتا ہوا بولا۔۔۔۔۔۔۔

امی اتنی دیر ہو گئی ہے۔۔۔آپی نے کوئی چکر ہی نہیں لگایا۔۔۔۔۔۔۔۔

کیوں نا میں اک چکر لگا آؤں میرا بہت دل چاہ رہا ہے آپی سے ملنے کا۔۔۔۔

مظہر جو کافی دیر سے بیٹھا سوچ رہا تھا۔۔۔۔آخر بول پڑا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بھائی آئے دن ایسے بہنوں کے سسرال میں جاتے اچھے نہیں لگتے مظہر۔۔۔

اور ویسے بھی راولپنڈی کونسا پاس ہے۔۔۔اتنا سفر کر کے جاؤ گے۔۔۔۔۔۔

رہنے دو۔۔۔پھر کبھی چلے جانا۔۔۔۔۔امی اسے سمجھاتے ہوئے بولیں۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے امی پر آپی سے کہیئے گا جلدی چکر لگائیں۔۔۔میں اپنے بھانجے اور بھانجی کو بہت

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

مس کر رہا ہوں۔۔۔

ہاں جب تمہاری شادی ہو جائے گی میں پھر دیکھوں گی کہ کتنا مس کرتے ہو ان کو۔۔۔

بڑے دونوں بھائیوں کو دیکھ لو۔۔۔شادی سے پہلے وہ بھی مومنہ کا اتنا ہی کرتے تھے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

امی میں ان جیسا نہیں ہوں۔۔۔۔بس آپی سے خاص لگاؤ ہے میرا۔۔۔۔اچھا ٹھیک ہے

میں کہہ دوں گی۔۔۔

نازش میں تھوڑی دیر کے لئے بینک جا رہا ہوں۔۔۔ تم یہاں کام سنبھال لینا۔۔۔۔

میں جلدی آجاؤں گا۔۔۔۔ارباز سیکرٹری کو سمجھاتا ہوا بولا۔۔۔۔۔۔

نازش نے سمجھتے ہوئے اثبات میں سر ہلا دیا تھا۔۔۔اور ارباز مسکرا کر باہر نکل گیا۔۔۔۔

ہاں بھئی کدھر۔۔۔۔۔؟؟پنڈی جا رہا ہوں۔۔۔کچھ کام ہے۔۔۔

پنڈی جا رہے ہو۔۔۔واپسی کب تک ہے۔۔۔۔؟؟

مظہر بھائی آج رات کو ہی آجاؤں گا۔۔۔۔عبداللہ مظہر کی طرف دیکھتا ہوا بولا۔۔۔۔۔

یہ تو بہت اچھی بات ہے یار۔۔۔۔۔میں بھی آپی سے ملنا چاہتا ہوں کافی دیر ہو گئی ہے۔۔۔

مظہر کچھ سوچتے ہوئے بولا۔۔۔۔۔ٹھیک ہے بھائی میں تھوڑی دیر تک نکل جانا ہے۔۔۔۔

عبداللہ یار میں تھوڑی دیر تک تمہارے گھر آتا ہوں پھر چلتے ہیں۔۔۔۔

عبداللہ اس کی بات پر سر ہلاتا اپنے گھر کی طرف بڑھ گیا۔۔۔۔اب امی سے کیا بہانہ بناؤں ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مظہر کچھ سوچتے ہوئے گھر میں داخل ہوا۔۔۔امی وہ مجھے آپ سے اک بات کرنی تھی۔۔۔۔

ہاں بولو۔۔۔سن رہی ہوں۔۔۔۔۔امی وہ عبداللہ پنڈی جا رہا ہے کچھ کام سے۔۔۔

تواس نے مجھے بھی ساتھ جانے کو بولا ہے۔۔۔۔۔اس نے تمہیں بولا ہے۔۔۔یا تم نے اسے بولا ہے۔۔۔۔۔۔

امی کنکھیوں سے دیکھتے ہوئے بولیں۔۔۔امی اب جس نے بھی کہا ہے جانا تو ہے نا۔۔۔۔۔

اور ٹائم بھی اتنا نہیں ہے تو میں فریش ہو لوں۔۔۔۔۔رات تک آجاؤں گا۔۔۔۔

اچھا ٹھیک ہے دھیان سے جانا مظہر۔۔۔امی اسے ہدایت کرتی ہوئی بولیں۔۔۔

بہن بھائی کا رشتہ ہی کتنا خوبصورت احساس لئے ہوتا ہے۔۔۔۔۔

بھائی بہنوں کے لئے ہر حد سے گزر جاتے ہیں۔۔۔سوائے نصیب بدلنے کے۔۔۔۔

ایک بیٹی، ایک بیوی، ایک بہن، اور ایک ماں کو اپنے باپ، اپنے شوہر، اپنے بھائی اور اپنے بیٹے سے محبت کی ضرورت ہوتی ہے۔۔۔۔۔دولت کی نہیں۔۔۔

ارے مظہر تم اس طرح اچانک۔۔۔۔۔۔۔

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

مومنہ، مظہر کو اس طرح اچانک آجانے پر حیرت اور خوشی کی ملی جلی کیفیت سے دیکھ رہی تھی۔۔۔

آہم۔۔۔لگتا ہے کسی کو خوشی نہیں ہوئی میرے آنے سے۔۔۔۔۔ تبھی تو اتنی گرمی میں ابھی تک دروازے پر کھڑا کیا ہوا ہے۔۔۔۔۔۔

مظہر خفا ہونے کی ناکام کوشش کرتے ہوئے بولا۔۔۔۔۔

میں صدقے جاؤں اپنے بھائی کے۔۔۔کیوں نہیں۔۔اندر آؤ۔۔۔مومنہ اسے راستہ دیتی ہوئی بولی۔۔۔۔

آؤ بیٹھو مظہر۔۔۔اتنی گرمی میں آئے ہو۔۔۔میں کچھ ٹھنڈا لے کر آتی ہوں۔۔۔

مومنہ، مظہر کو اپنے کمرے میں بٹھاتی کچن کی طرف بڑھی۔۔۔۔۔۔۔۔

اے یہ جوس کس کے لئے لے کر جا رہی ہو۔۔۔؟؟ نصرت اسے کچن میں جاتے دیکھ کر فوراً پیچھے آئیں۔۔۔


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

امی جی وہ مظہر آیا ہے میرا چھوٹا بھائی۔۔۔ہاں تو کبھی ساس کا خیال بھی کر لیا کرو۔۔۔۔۔

کہ اتنی گرمی میں وہ بھی یہیں رہتی ہے۔۔۔اب یہ جوس کا گلاس مجھے پکڑاؤ۔۔۔۔

اور آکر پاؤں دباؤ میرے۔۔۔نصرت اس کے ہاتھ سے گلاس پکڑتی ہوئی بولیں

۔۔۔امی جی وہ اتنی گرمی میں آیا ہے اس کو پیاس لگی ہو گی۔۔۔

مومنہ نم آنکھوں سے بولی۔۔۔اے پیاس لگی ہے تو پی آئے باہر سے۔۔۔۔۔

ہم نے ادھر مسافر خانہ نہیں کھول رکھا۔۔۔کہ جو بھی گرمی میں آئے۔۔۔ادھر کا رخ کر لے۔۔۔۔۔۔۔۔

اور اتنی گرمی میں آنے کی ضرورت ہی کیا تھی۔۔۔؟؟نصرت کی آواز اتنی اونچی تھی۔۔۔

کہ کمرے میں بیٹھا مظہر بآسانی سن سکتا تھا۔۔۔۔

آپی بچے تو آئے نہیں سکول سے ابھی۔۔۔آپ ان کو میرا پیار دیجئے گا۔۔۔۔

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

میں اب چلتا ہوں۔۔۔وہ ضروری کام تھا کچھ ادھر۔۔۔۔بہت مشکل سے ٹائم نکال کر

سوچا آپ کی طرف چکر لگا لوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مظہر مسکرا کر کہتا باہر نکل گیا۔۔۔اور مومنہ کا دل چاہا تھا کہ زمین پھٹے اور وہ اس میں سما

جائے۔۔۔

اس کا جان سے پیارا بھائی چار گھنٹے کا سفر کر کے اس سے ملنے آیا تھا۔۔۔

اور یہ کیسے کافر لوگ ہیں کہ پانی کا گھونٹ تک نا دینے دیا۔۔۔۔

آنسو تواتر سے اس کے گال بھگو رہے تھے۔۔۔مومنہ اپنے دوپٹے سے آنسو صاف کرتی

اپنے کمرے کی طرف بڑھ گئی۔۔۔

خدارا دوبارہ کبھی کسی بہن کو یوں اس کے بھائی کے سامنے شرمندہ مت کرنا۔۔۔۔

اس کا بھرم رکھ لینا۔۔۔اک چوٹ سی مومنہ کے دل پر لگی تھی۔۔۔۔

اور آنسو تھے کہ رکنے کا نام ہی نہیں لے رہے تھے۔۔۔کہ اچانک اس کا موبائل بج

اٹھا۔۔۔۔

ارباز کی کال۔۔۔۔وہ بھی اس وقت۔۔۔۔۔مومنہ حیران ہوتی بولی۔۔۔۔

ہیلو۔۔۔۔۔۔۔جی یہ جن صاحب کا نمبر ہے ان کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے۔۔۔۔

وہ اس وقت ہاسپٹل میں ہیں۔۔۔آپ جلدی سے آجائیں۔۔۔۔لفظ کیا تھے۔۔۔

کوئی سیسہ تھا جو اس کے کانوں میں ڈال دیا گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارباز۔۔۔۔امی۔۔۔۔امی۔۔۔۔کیا ہو گیا۔۔۔۔؟؟مومنہ روتی ہوئی باہر کی طرف بھاگی تھی۔۔۔

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com

امی ارباز کا ایکسیڈنٹ ہو گیا ہے۔۔۔۔خدا خیر۔۔۔۔۔کیا ہو گیا میرے بچے کو۔۔۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

جلدی چلو ہاسپٹل۔۔۔۔۔وہ جلدی سے ہاسپٹل پہنچے تھے۔۔۔۔ڈاکٹر۔۔۔۔۔

ارباز ٹھیک ہیں نا۔۔۔۔؟؟مومنہ ڈاکٹر کو دیکھتے ہی اس طرف لپکی تھی۔۔۔

دیکھیں مریض ویسے تو اب ٹھیک ہیں لیکن۔۔۔۔ لیکن کیا۔۔؟؟ مومنہ حیرت سے بولی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن وہ اب معذور ہو چکے ہیں۔۔۔ان کی ایک ٹانگ کی ہڈیاں بالکل ٹوٹ چکی ہیں۔۔۔

وہ اب کبھی نہیں چل سکتے۔۔۔ڈاکٹر بتا کر جا چکا تھا۔۔۔اور مومنہ ساکت سی کھڑی پھٹی پھٹی آنکھوں سے اس کمرے کو دیکھتی جا رہی تھی۔۔۔

جہاں ارباز تھا۔۔۔۔اور خدا مومن بندے کو آزمائش میں ضرور ڈالتا ہے۔۔۔

کہ وہ کتنا صبر کرتا ہے۔۔ کتنا اس کی طرف رجوع کرتا ہے۔۔۔۔۔۔

میں کسی کام کا نہیں رہا مومنہ۔۔۔۔پورے گھر کا سرکل مجھ سے چلتا تھا۔۔۔۔

چھوٹے بھائی تو تمہارے سامنے ہی ہو۔۔۔ کبھی آفس کی شکل تک نہیں دیکھی۔۔۔

میرے چھوٹے چھوٹے بچے ہیں۔۔۔خدا کو مجھ پر ترس نہیں آیا مومنہ۔۔۔۔

میرے بچوں کی کفالت کون کرے گا۔۔۔اس سے اچھا تھا کے اس ایکسیڈنٹ میں میری جان چلی جاتی۔۔۔

کم از کم یوں سسک سسک کر تو نا جیتا میں۔۔۔میرے بچوں کو یتیم سمجھ کر ہی کوئی ان کی امداد کر دیا کرتا۔۔۔

ارباز بس کر دیں۔۔۔خدا کا واسطہ ہے بس کر دیں۔۔۔کیسے الفاظ بول رہے ہیں

۔۔۔۔خدا آزماتا ہے۔۔۔۔

اور آزمائش میں کامیاب ہونے والے کو دوگنا عطا کرتا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میرا سہارا ہیں آپ۔۔۔اور ہمیشہ رہیں گے۔۔۔یوں کمزور مت کریں مجھے۔۔۔

اس آزمائش میں کامیاب ہونے دیں۔۔۔اور صرف پوزیشن ہی تو بدلی ہے۔۔۔

پہلے آپ کماتے تھے۔۔۔اب میں کماؤں گی۔۔۔کیا فائدہ اتنی پڑھائی کا۔۔۔۔

مومنہ اسے حوصلہ دیتی ہوئی بولی۔۔۔اور اگر میں بیچ سفر میں ہی تمہارا ساتھ چھوڑ گیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

۔۔۔تو۔۔۔۔۔؟؟

ارباز عجیب سی نظروں سے مومنہ کی طرف دیکھتا ہوا بولا۔۔۔۔ مومنہ کی روح تک کانپ گئی تھی۔۔۔۔

♆♆♆♆♆♆♆♆♆♆♆♆♆

ارباز پلیز ایسی باتیں نہیں کریں۔۔۔۔ میں ہوں نا۔۔۔۔۔

لیکن دونوں ہی بہت اچھے طریقے سے جانتے تھے۔۔۔ کہ حالات کبھی بھی پہلے جیسے نہیں ہوں گے۔۔۔۔

اس ایک حادثے نے سب کی زندگیوں کو ہلا کر رکھ دیا تھا۔۔۔۔۔

ارباز مجھے سکول میں جاب مل گئی ہے۔۔۔ آپ کو پتا ہے مجھے زیادہ خوار بھی نہیں ہونا پڑا

۔۔۔۔۔۔

مومنہ گرمی سے سرخ پڑتے چہرے پت سے پسینہ صاف کرتی ہوئی بولی۔۔۔

اورار باز جو اپنی ہی سوچوں میں گم تھا۔۔۔مومنہ کے آنے پر چونکا۔۔۔۔

کیا ہوا ایسے کیوں دیکھ رہے ہیں۔۔۔؟؟مومنہ ادھر آؤ۔۔۔مجھے تم سے کچھ بات کرنی ہے۔۔۔

جی بولیں۔۔۔مومنہ ارباز کے پاس بیٹھتی ہوئی بولی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مومنہ ہم ہمیشہ کے لئے گوجرانوالہ جارہے ہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔کیا مطلب۔۔۔؟؟

گوجرانوالہ کیوں۔۔۔۔؟؟مومنہ حیرانی سے بولی۔۔۔۔مومنہ تم۔اتنا حیران کیوں ہو رہی ہو۔۔۔؟؟

وہاں تمہارا گھر ہے۔۔۔تمہارے ماں باپ۔۔۔

تمہارے بھائی۔۔۔۔تمہیں حوصلہ رہے گا۔۔۔تم خود کو اکیلی محسوس نہیں کروگی وہاں ۔۔۔۔۔۔۔

ہم وہاں کوئی کرائے کا گھر لے لیں گے۔۔۔ارباز نم ہوتی آنکھوں اور ہانپتے ہوئے بول رہا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ارباز میرا حوصلہ آپ ہیں۔۔۔میں آپ کے ساتھ یہیں رہوں گی۔۔۔۔ہم کہیں نہیں جا رہے۔۔۔۔

ابھی ابھی تو بچوں کے ایڈ مشن کروائے ہیں۔۔۔۔اب پھر ہٹا لیں۔۔۔۔۔۔

ان کی پڑھائی پر بہت اثر پڑے گا۔۔۔مومنہ بس میں نے کہہ دیا نا۔۔۔۔

میں تمہیں نہیں چھوڑ سکتا۔۔۔کیا مطلب۔۔۔؟؟مومنہ حیران سی بولی۔۔۔

مومنہ میں محتاج ہو چکا ہوں ان کا۔۔۔۔تو تمہارے جانے کے بعد امی آئی تھیں۔۔۔

انہوں نے کہا ہے کہ گھر کے اخراجات پورے نہیں ہوں گے۔۔۔۔وہ صرف میرا خرچ اٹھائیں گے۔۔۔۔۔

اس کے بدلے میں، میں تمہیں طلاق دے دوں۔۔۔۔بس ہم اپنا بندوبست کر لیں

گے۔۔۔

میرے 3 بھائی مجھ اک کا خرچ برداشت نہیں کر پائے۔۔۔اور اب بس چلو یہاں سے۔۔۔۔

ارباز بھرائی ہوئی آواز میں بول رہا تھا۔۔ٹھیک ہے ارباز میں گھر والوں سے بات کرتی ہوں۔۔۔۔

کہ وہ کہیں آس پاس کوئی گھر ڈھونڈ دیں۔۔۔

نہیں مومنہ وہ میں خود بات کروں گا ان سے۔۔بچوں کو آنے دو سکول سے۔۔

تب تک تم پیکنگ کر لو۔۔۔ارباز مظہر کو کال کرتا ہوا مومنہ سے بولا۔۔۔۔

جی ٹھیک ہے۔۔۔ہیلو ارباز بھائی۔۔۔کیسے ہیں۔۔۔؟؟مظہر خوشگوار حیرت سے بولا تھا۔۔۔۔۔۔۔

مظہر میں ٹھیک ہوں۔۔۔تم سے اک درخواست کرنی تھی یار۔۔۔۔۔۔۔


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

ارباز تھکے سے لہجے میں بولا۔۔۔۔جی جی بھائی درخواست کیوں۔۔۔۔؟؟

حکم کریں۔۔۔۔۔مظہر ہم لوگ۔۔۔۔مطلب میں مومنہ اور بچے گوجرانوالہ شفٹ ہونے لگے ہیں۔۔۔۔۔

توتم۔وہاں آس پاس کوئی گھر ڈھونڈدو۔۔۔اب میں یہاں اور نہیں رہ سکتا۔۔۔۔

ارباز لمبی سانس خارج کرتا ہوا بولا۔۔۔۔پر بھائی آپ اچھے سے جانتے ہیں۔۔۔

آپ کی امی اور باقی گھر والے ہمیں کیا سمجھتے ہیں۔۔۔ہم انہیں اک آنکھ نہیں بھاتے ۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ یہاں آئیں گے تو اس بات کا الزام بھی ہم پر آئے گا۔۔۔۔

آپ کہیں تو کسی اور شہر میں رہنے کا بندوبست کر دیتے ہیں۔۔۔۔۔

مظہر سوچ سمجھ کر بولا۔۔۔مظہر تم بس اتنا بتاؤ یہ کام کروگے یا نہیں۔۔۔

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

مجھے نہیں پرواہ کے کون کیا سوچتا ہے اور کیا نہیں۔۔۔ تم بس گھر ڈھونڈو۔۔۔

نہیں تو میں خود گوجرانوالہ میں ہی ڈھونڈلوں گا۔۔۔ارباز سختی سے بولا۔۔۔

ٹھیک ہے بھائی میں کل تک آپ کو کال کر کے بتادوں گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کی ضرورت نہیں پڑے گی مظہر۔۔۔ ہم آج رات تک وہاں پہنچ جائیں گے۔۔۔

ٹھیک ہے۔۔۔؟؟جی بھائی ٹھیک ہے۔۔۔ارباز کال بند کر کے موبائل کی طرف دیکھتا ہوا سوچ رہا تھا۔۔۔

اسے اب بس بچوں کے آنے۔کا انتظار تھا۔۔۔اور رات تک وہ لوگ گوجرانوالہ میں تھے ۔۔۔

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

مظہر گھر کا کوئی بندوبست ہوا۔۔۔؟؟ کھانے سے فارغ ہونے کے بعد سب لوگ بیٹھے تھے۔۔۔۔۔۔

جی بھائی ہو گیا ہے۔۔۔ یہاں سے دو گلیاں چھوڑ کر ہے اک گھر۔۔۔۔۔

آپ کو پسند آئے گا۔۔۔ مظہر پسند ناپسند کی بات ہی نہیں۔۔۔ مجھے بس گھر چاہیے۔۔۔۔

اور مظہر بس سر ہلا کر رہ گیا تھا۔۔۔۔۔ یہ سب اک دم سے کیا ہو گیا تھا۔۔۔۔

اور نصرت ادھر مظہر اور امی کو کال کر کے دھمکیاں دے رہی تھیں کے میرا بیٹا واپس

کرو۔۔۔۔۔۔۔۔

حالات نے کیسے اک دم پلٹا کھایا تھا۔۔۔ کل شفٹنگ کرنی تھی۔۔۔اور مظہر کو راولپنڈی

سے مومنہ کا سارا جہیز کا سامان لانے کا کہا گیا تھا۔۔۔۔

جو کے اک بھائی کے لئے کس قدر مشکل کام ہوتا ہے۔۔۔ صبح ہوتے ہی مظہر عبداللہ

کے ساتھ پنڈی روانہ ہوا تھا۔۔۔

اتنی تیز دھوپ میں بسوں میں دھکے کھاتے آخر وہ راولپنڈی پہنچ گئے تھے۔۔۔

لیکن سامنے کا منظر دیکھ کر اس کا دل چاہا تھا کے چیخ چیخ کر روئے۔۔۔

اس کے باپ کی محنت کی اک اک پائی جوڑ کر جہیز دیا تھا مومنہ کو۔۔۔

اوران لوگوں نے صبح ہی صبح سارا سامان باہر پھینک دیا تھا۔۔۔۔۔۔

آدھے سے زیادہ سامان ٹوٹ چکا تھا۔۔۔اپنے آنسو روکتا وہ بس آسمان کی طرف دیکھ کر

رہ گیا تھا۔۔۔۔

کتنا بے بس تھا وہ اس وقت۔۔۔۔آہ۔۔۔اور کتنا صبر اللہ۔۔۔۔اور کتنا صبر۔۔۔؟؟

میرے بھائی ہمت سے کام لو۔۔۔عبداللہ اسے گلے سے لگا کر چپ کرواتا ہوا بولا۔۔۔۔

چلو جو کام کرنے آئے ہیں وہ کریں۔۔۔اٹھاؤ یہ سامان اور چلو۔۔۔۔

اور لوگ یہ نہیں جانتے۔۔۔۔۔خدا کی لاٹھی بے آواز ہے۔۔۔۔تم کب تک بھاگو گے

اے انساں۔۔۔۔

کب تک ظلم ڈھاؤ گے۔۔۔۔۔؟؟آخر کو تمہاری پکڑ بھی ہو گی۔۔۔اسی دنیا میں ہو گی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مظہر اور عبداللہ سامان لے کر گوجرانوالہ پہنچے تھے۔۔۔۔اور یہ سب سامان اس حالت


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

میں دیکھ کر ارباز کا دماغ گھوم گیا تھا۔۔۔۔۔۔۔

اپنے بھائیوں کو میں اپنے بچوں کی طرح پالتا رہا۔۔۔اپنی ماں کی ہمیشہ جی حضوری کرتا رہا۔۔۔۔۔۔۔۔

اور انہوں نے یہ صلہ دیا مجھے۔۔۔میں سوچ بھی نہیں سکتا تھا۔۔۔۔

ارباز ہاتھوں میں منہ چھپائے پھوٹ پھوٹ کر رو دیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

بھائی آپ فکر نا کریں۔۔۔ہم ہیں نا آپ کے ساتھ۔۔۔مظہر اسے حوصلہ دیتا ہوا بولا۔۔۔۔

زندگی آہستہ آہستہ پھر سے اپنے ڈگر پر چل پڑی تھی۔۔۔۔بچوں کو گورنمنٹ سکول میں داخل کروا دیا گیا تھا۔۔۔

سب پھر سے پہلے جیسا ہو رہا تھا۔۔۔بس اگر کچھ بدلا تھا تو وہ تھا ارباز۔۔۔

بالکل چپ ہو کر رہ گیا تھا۔۔۔ہر وقت بس کھویا کھویا سا رہتا تھا۔۔۔۔۔


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

لیکن مومنہ جانتی تھی کہ وقت کے ساتھ ساتھ ارباز خود ہی ٹھیک ہو جائیں گے۔۔۔

مومنہ۔۔۔۔مومنہ جو سکول جانے کے لئے بچوں کو تیار کر رہی تھی۔۔۔

ارباز کی آواز سن کر فوراً اس تک آئی۔۔۔جی۔۔۔کچھ چاہیے آپ کو۔۔؟؟

مومنہ آج سکول نا جاؤ۔۔اور بچوں کو بھی نا بھیجو۔۔۔ارباز آہستہ سے بولا۔۔

مومنہ کو وہ اس وقت بہت تھکا ہوا لگا تھا۔۔۔کیا ہوا ہے ارباز۔۔آپ ٹھیک ہیں

نا۔۔۔؟؟

ہاں میں ٹھیک ہوں۔۔بس آج آپ لوگ میرے پاس رہو۔۔۔جی ٹھیک ہے۔۔

مومنہ مسکراتی ہوئی بولی۔۔۔میں ناشتہ بنا دوں آپ کے لئے۔۔۔۔

مومنہ اٹھتے ہوئے بولی۔۔۔ہاں پر یہ سمیر کو میری گود میں بٹھا دو۔۔

اور عالیہ اور زین کو بھی میرے پاس بھیج دو۔۔۔ارباز آنکھیں بند کرتا ہوا بولا۔۔

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

جی ٹھیک ہے۔۔۔مومنہ کو آج کتنے دن بعد ارباز خوش نظر آیا تھا۔۔۔۔۔۔

ارباز کو سمیر سے پیار کرتا ہوا دیکھ کر مومنہ کچن کی طرف بڑھ گئی۔۔۔

ماما۔۔۔ماما۔۔۔۔مومنہ کچن میں کھانا بنا رہی تھی کہ عالیہ کی آواز پر فوراً کمرے میں آئی

۔۔۔۔۔۔۔

ماما دیکھیں پاپا کو کیا ہوا ہے۔۔۔عالیہ ارباز کی طرف اشارہ کرتی ہوئی بولی۔۔۔

جو بیڈ پر بے سدھ پڑا تھا۔۔۔ار۔۔۔۔ارباز۔۔۔۔ارباز۔۔۔اٹھیں۔۔۔۔۔مومنہ

پاگلوں کی طرح اسے جھنجھوڑ رہی تھی۔۔۔۔۔۔آپ ایسے نہیں جا سکتے۔۔۔

اتنی جلدی ہار گئے ارباز۔۔۔۔۔اس آزمائش میں مجھے اکیلا چھوڑ کر چلے گئے۔۔۔

میں ان بچوں کو کیسے سنبھالوں گی ارباز۔۔۔۔بتائیں۔۔۔۔۔مومنہ دھاڑیں مار کر رو رہی

تھی۔۔۔

عالیہ جلدی سے فون کی طرف بڑھی تھی۔۔۔۔ماموں۔۔۔۔۔ماموں پاپا۔۔۔۔


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کیاہوا ہے عالیہ۔۔۔؟؟مظہر کو پیچھے سے مومنہ کے رونے کی آوازیں آرہی تھیں۔۔۔

ارباز بھائی۔۔۔آہ خدایا۔۔۔مظہر نے منہ میں دہرایا۔۔اور پاگلوں کی طرح بھاگا تھا۔۔۔

امی۔۔۔امی جلدی چلیں۔۔۔مظہر کیاہوا ہے۔۔۔؟؟امی ارباز بھائی نہیں رہے۔۔۔۔

کوئی آسمان تھاجوان پر گر پڑا تھا۔۔۔ارباز کے گھر والوں کو اطلاع دے دی گئی تھی۔۔۔

اور وہ لوگ اس بات پر بضد تھے کہ تدفین راولپنڈی میں ہوگی۔۔۔۔۔۔

اور ناچاہتے ہوئے بھی ان کو میت دینی پڑی۔۔۔۔چلیں آپی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مظہر مومنہ کو پکڑتے ہوئے بولا۔۔۔۔۔کہاں لے کے جارہے ہو۔۔۔۔۔۔۔؟؟

آنٹی اب یہاں ہے ہی کیا رہنے کو۔۔۔۔بیٹا ہم بہت شرمندہ ہیں۔۔۔۔۔

زیادہ ناسہی پر عدت تو یہاں پوری کرنے دو۔۔۔اور مظہر نے بے چارگی سے مومنہ کی


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

طرف دیکھا تھا۔۔۔

جوہاں میں سر ہلا گئی تھی۔۔۔اور اک بار پھر سے مظہر اپنے جان کے ٹکڑے کو راولپنڈی چھوڑ آیا تھا۔۔۔

مومنہ اپنے آنسو صاف کرتی اپنے کمرے کی طرف بڑھی تھی۔۔۔۔۔

تم کہاں جا رہی ہو۔۔۔؟؟اتنے کام پڑے ہیں کرنے والے۔۔۔ چلو بہت کر لی عیش گوجرانوالہ میں۔۔۔۔۔۔۔۔

اب کام پر لگو۔۔۔اور خبردار جو تم نے اپنے گھر والوں سے رابطہ کرنے کی کوشش بھی کی تو۔۔۔۔۔۔۔۔۔

نصرت غصے بولیں۔۔۔خدا ارابس کر دے۔۔۔رحم کر میرے حال پر۔۔۔۔

مومنہ بے آواز روتی کچن کی طرف بڑھ گئی۔۔۔عدت کے اس عرصے میں اس کا گھر والوں سے کوئی رابطہ نہیں ہوا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

یا پھر شاید نصرت نے کوئی موقع ہی نہیں دیا تھا بات کرنے کا۔۔۔۔

مومنہ دروازے پر دستک دے کر اجازت کے انتظار میں کھڑی تھی۔۔۔۔

آجاؤ کون ہے۔۔۔؟؟ دروازے سے مومنہ کو اندر داخل ہوتے دیکھ کر نصرت کا حلق تک کڑوا ہو گیا تھا۔۔۔۔

امی جی مجھے آپ سے کچھ بات کرنی تھی۔۔۔

ہاں پتا ہے اور اپنی یہ منحوس شکل تو دکھانے آئی نہیں ہو گی۔۔۔۔۔

اب اس سے پہلے کے میرا بی پی ہائی ہو۔۔۔بکو جلدی۔۔۔نصرت منہ پھیرتے ہوئے بولیں۔۔۔

امی جی کل میری عدت ختم ہو جائے گی۔۔۔بچوں کی پڑھائی کا بہت حرج ہو گیا ہے۔۔۔

انہیں کسی سکول میں داخل کروا دیتے۔۔۔مومنہ بہت سے آنسو اپنے اندر اتارتی ہوئی بولی۔۔۔۔۔


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

ہاں ٹھیک ہے میں رضوان سے بات کروں گی کہ ان کا داخلہ کروادے۔۔۔

اور تم بھی اپنے میکے فون کرو کے تمہیں آ کے لے جائیں۔۔۔بہت عیش کرلی یہاں۔۔۔

اور مومنہ ہکا بکا سی انہیں دیکھ رہی تھی۔۔۔اب ایسے کیا دیکھ رہی ہو۔۔۔

ساری عمر کا بیڑا انہیں اٹھایا ہم نے تمہارا۔۔۔جس نے اٹھایا تھا وہ تو کب کا چل بسا۔۔۔۔

اب تم بھی چلتی بنو یہاں سے۔۔۔۔پر امی پھر بچوں کا داخلہ یہاں کیوں۔۔۔؟؟

ہاں تو کیا اپنے ارباز کی نشانی کو یوں تمہارے ساتھ در در کی ٹھوکریں کھانے بھیج

دوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔؟؟

تمہیں کیا لگتا ہے ہم بچے تمہیں دے دیں گے۔۔۔ارے نہ بی بی سوچنا بھی نا۔۔۔۔

اور بچوں سے دور رہنے کا سن کر ہی مومنہ کی جان نکل گئی تھی۔۔۔۔۔


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

امی ایسامت کریں۔۔۔۔یا مجھے یہاں رکھ لیں۔۔۔یا پھر بچوں کو بھی میرے ساتھ بھیج دیں۔۔۔۔۔۔۔۔

امی اک ماں کو اس کے بچوں سے علیحدہ نہ کریں۔۔۔

اۓ ہٹ نکل یہاں سے۔۔۔۔نصرت اسے دھکا دیتی ہوئی بولیں۔۔۔۔۔۔۔۔

جلدی سے فون کرو اپنے بھائی کو۔۔۔میں تمہیں اور برداشت نہیں کر سکتی یہاں۔۔۔۔

ماما کیا ہوا ہے۔۔۔؟؟عالیہ، مومنہ کو یوں روتے دیکھ کر اس کے پاس آئی تھی۔۔۔۔

بیٹا اپنے ماموں کو فون کرو۔۔۔۔۔۔۔۔ماما یہ لیں بات کریں۔۔۔۔۔

عالیہ فون مومنہ کی طرف بڑھاتی ہوئی بولی۔۔؟؟آپی کیسی ہیں آپ۔۔۔؟؟

مظہر۔۔۔بھائی کی آواز سنتے ہی مومنہ پھوٹ پھوٹ کر رو دی تھی۔۔

آپی کیا ہوا ہے۔۔۔؟؟مظہر یہ لوگ مجھے واپس جانے کو کہہ رہے ہیں۔۔۔

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

آپی آپ روئیں نہیں۔۔۔آپ کے گھر والے۔۔۔آپ کے بھائی ابھی زندہ ہیں۔۔۔

میں آپ کو لینے آجاتا ہوں۔۔۔۔مظہر اسے حوصلہ دیتے ہوئے بولا۔۔۔۔

مظہر وہ لوگ بچے نہیں بھیجیں گے میرے ساتھ۔۔۔میں اپنے بچوں کے بغیر نہیں رہ سکتی

۔۔۔۔۔

آپی وہ لوگ ایسا کچھ بھی نہیں کریں گے۔۔۔۔میں آپ کو لینے آرہا ہوں۔۔۔۔

پھر میں خود ہی ان سے بات کرلوں گا۔۔۔ٹھیک ہے مظہر۔۔۔بس تم جلدی آجاؤ۔۔۔

مومنہ بے چینی سے کمرے میں ادھر ادھر ٹہل رہی تھی۔۔۔بچوں کو اس نے کمرے سے باہر نہیں جانے دیا تھا۔۔۔

اللہ اللہ کرکے اس نے 4 گھنٹے گزارے تھے۔۔۔اور مظہر کے آنے پر سکون کا سانس لیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

مظہر شکر ہے تم آگئے۔۔۔۔آپی آپ فکر نا کریں بچے ہمارے ساتھ ہی جائیں گے۔۔۔۔


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ایسے کیسے جائیں گے۔۔۔۔؟؟نصرت نجانے کب اندر آگئی تھیں۔۔۔۔

آنٹی آپ ایسے کیسے بچے لے سکتی ہیں۔۔۔ابھی ان کی ماں زندہ ہے۔۔۔

بچے ہمارے ساتھ ہی جائیں گے۔۔۔۔مظہر عالیہ اور زین کا ہاتھ پکڑتا ہوا بولا۔۔۔۔

اۓ ہاتھ چھوڑو ان کا۔۔۔تم کل کے آئے لڑکے میرے گھر میں کھڑے ہو کر میرے ہی سامنے زبان چلا رہے ہو۔۔۔

ابھی نکلو میرے گھر سے۔۔۔۔نصرت تمیز کو بالائے طاق رکھتے ہوئے بولیں۔۔۔۔

آنٹی ہم آرام سے بات کر رہے ہیں۔۔۔اور آپ کس حق سے بچے یہاں رکھ رہی ہیں ؟؟۔۔۔

آپ تو خود اپنے بیٹوں کی محتاج ہیں۔۔۔

اور اگر آپ نے کوئی زور زبردستی کی تو یہ معاملہ عدالت تک جائے گا۔۔۔۔۔

چونکہ بچوں کی ماں ابھی زندہ ہے۔۔۔اور بچے خود ماں کے ساتھ جانے کی گواہی دیں گے ۔۔۔

تو آخر کو بچے ہمارے پاس ہی آنے ہیں۔۔۔اور آپ یہ فضول کی ضد چھوڑ دیں۔۔۔

اۓ بھئی بول لیئے۔۔۔؟؟اب میری بھی سن لو۔۔۔اگر تم لوگ بچے یہاں سے لے کے گئے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

تو یاد رکھنا ہمارے پاس سے تو بچ جائیں گے۔۔۔رہنے ہم آپ لوگوں کے پاس بھی نہیں دیں گے۔۔۔۔

پھر جب ہم آپ لوگوں پر کیس کریں گے۔۔۔پھر عدالتوں میں گواہیاں دیتے رہنا۔۔۔

کہ بچے کیسے مر گئے۔۔۔۔نصرت آگے کو ہوتی ہوئی بولیں۔۔۔۔

تف ہے آپ پر۔۔۔۔۔اک عورت ہو کر اک ماں ہو کر ایسی بات کر رہی ہیں۔۔۔۔

مظہر۔۔۔۔مظہر مجھے نہیں چاہیے بچے۔۔۔۔یہیں پر رہنے دو۔۔۔۔۔


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

مومنہ روتی ہوئی بولی۔۔ہاں اتنا کر سکتی ہوں۔۔۔اک یا دو مہینے بعد چکر لگا لیا کرنا۔۔۔

گھنٹہ بچوں سے مل کر پھر واپسی کی راہ لے لی۔۔۔۔ منظور ہے تو بولو۔۔۔؟

نہیں تو بچے تو یہیں رہیں گے۔۔۔۔۔۔ مجھے منظور ہے۔۔۔۔ مظہر۔۔۔ چلو۔۔۔۔

مومنہ روتی ہوئی بولی۔۔۔اور مظہر بے بسی سے اپنی بہن کو دیکھ کر رہ گیا تھا۔۔۔

جو اپنے جگر کے ٹکڑوں کو یہاں چھوڑ کر جا رہی تھی۔۔۔عالیہ میری جان۔۔۔۔

ماما آپ سے ملنے آیا کریں گی۔۔۔زین اور سمیر کا خیال رکھنا۔۔۔۔۔۔۔

ٹھیک ہے نا۔۔۔۔ مومنہ، عالیہ کو سمجھاتی زین اور سمیر کو پیار کر کے فوراً باہر نکل گئی۔۔۔

اتنا یاد رکھیئے گا۔۔۔خدا کی لاٹھی بے آواز ہوتی ہے۔۔۔۔۔۔۔ڈریں اس وقت

سے۔۔۔۔

جب آپ کی پکڑ ہو گی۔۔۔۔اور خدا اپنے معاملات بہتر جانتا ہے۔۔۔۔

اس نے ان۔بچوں کو ان کے باپ سے علیحدہ کیا۔۔۔۔لیکن آپ کو یہ حق نہیں

دیا۔۔۔

کہ آپ ان بچوں کو ان کی ماں سے علیحدہ کر دیں۔۔۔مظہر اپنے آنسو صاف کرتا نصرت کی

طرف دیکھ کر بولا۔۔۔

اور لمبے لمبے ڈگ بھرتا باہر نکل گیا۔۔۔ماموں میں نے بھی جانا ہے۔۔۔۔

میں نے ماما کے پاس رہنا ہے۔۔۔۔زین روتا ہوا مظہر کے پیچھے بھاگا تھا۔۔۔۔

پیچھے ہٹ۔۔۔آیا بڑا اماں کا چمچا۔۔۔۔اور یہ گلا پھاڑ کر رونا بند کر۔۔۔

نصرت زین کو پیچھے کی طرف دھکیلتی ہوئی بولیں۔۔۔۔عالیہ فوراً زین کی طرف

بڑھی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور سمیر سہما سا بیڈ پر بیٹھا نا سمجھی سے سب کو دیکھ رہا تھا۔۔۔۔۔

اپنا رخ کھڑکی کی طرف موڑے وہ تیزی سے گزرتے ان مناظر کو دیکھ رہی تھی۔۔۔


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اپنی دنیا تو وہ بہت پیچھے چھوڑ آئی تھی۔۔۔اب کیسے رہے گی اپنے بچوں کے بغیر۔۔۔۔

خدارا کب ختم ہو گا یہ آزمائش کس سفر۔۔۔کب مجھے کامیابی نصیب ہو گی۔۔۔

میں آدم زاد ہوں مولا۔۔۔تو مجھ کو جانتا تو ہے۔۔"

"کہ زیادہ آزمائش پر۔۔۔میں جنت ہار جاؤں گی۔۔۔

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com

گھر میں داخل ہوتے ہی ضبط کا بندھن ٹوٹ گیا تھا۔۔۔مومنہ اپنے باپ کے گلے لگ کر
پھوٹ پھوٹ کر رو دی تھی۔۔۔۔

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میرے بچے۔۔۔ابو۔۔۔۔میں کیسے جیوں گی ان کے بغیر۔۔۔۔؟؟ابو آپ بتائیں۔۔۔

کیسے اتنا حوصلہ آجاتا ہے آپ میں۔۔۔کیسے تا عمر اپنی بیٹیوں کو دوسروں کے حوالے کر

دیتے ہیں۔۔۔

ابو میں اتنی مضبوط نہیں ہوں۔۔۔ مجھ میں اتنا حوصلہ نہیں ہے۔۔۔

میں تو یوں ہی مر جاؤں گی۔۔۔۔ ہر آنکھ نم تھی۔۔۔اک ماں کی سسکیاں فضا میں گونج رہی تھیں۔۔۔

جس کے بچوں کو اس سے علیحدہ کر دیا گیا تھا۔۔۔اور خدا تو اپنے بندوں کے ساتھ کبھی نا انصافی نہیں کرتا۔۔۔

میری بچی حوصلہ کرو۔۔۔اللہ دیکھ رہا ہے۔۔۔ یہ آزمائش جلدی ختم ہو جائے گی۔۔۔

ابو میرے پاس دینے کو اور کچھ نہیں ہے۔۔۔ابو پہلے ار باز چلے گئے۔۔۔

اب بچے بھی۔۔۔۔میں بھری دنیا میں بھی خالی ہاتھ رہ گئی۔۔۔۔۔۔۔

امی آپی کو کمرے میں لے۔کر جائیں۔۔انہیں پانی پلائیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

CLASSIC URDU MATERIAL
www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مظہر امی کی طرف دیکھتا ہوا بولا۔۔۔ چلو مومنہ۔۔۔اندر چلو میری بچی۔۔۔

امی آپ بھی ماں ہیں۔۔۔۔آپ میری حالت کو سمجھ سکتی ہیں۔۔۔

میں کیسے سکون کروں۔۔۔کہ میرا سکون تو چھین۔لیا گیا ہے مجھ سے۔۔۔

آپی چلیں اندر۔۔۔بہت رو لیا۔۔۔اب چپ ہو جائیں بالکل۔۔۔کچھ بھی نہیں ہوا ہے۔۔۔

ہم بچے واپس لیں گے۔۔۔ مظہر تم سچ کہہ رہے ہو نا۔۔۔۔جی آپی میں بالکل سچ کہہ رہا ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ یہ پانی پئیں۔۔۔اور کمرے میں جاکر تھوڑا آرام کر لیں۔۔۔۔۔۔۔

مظہر پانی کا گلاس مومنہ کی طرف بڑھاتا ہوا بولا۔۔۔۔

امی یہ آپ نے بالکل اچھا نہیں کیا۔۔۔۔ایسے ہی خوامخواہ میں گھر کا خرچ بڑھا لیا ان بچوں کو یہاں رکھ کے۔۔۔

رضوان منہ بناتا ہوا بولا۔۔۔ارے کیوں نا رکھتی یہاں۔۔۔وہ منحوس میرے بچے کو کھا گئی۔۔۔۔

میرے ارباز کو دور کر دیا مجھ سے۔۔۔میرا سکون لے گئی۔۔۔پھر میں کیسے اس کو سکون میں رہنے دوں۔۔۔

نصرت دانت پیستے ہوئے بول رہی تھی۔۔۔پر امی بچے گھر رہیں گے۔۔۔۔

تو تنگ کریں گے آپ کو۔۔۔تم کل ہی کسی گورنمنٹ سکول میں داخلہ کرواؤان کا۔۔۔

نصرت حتمی لہجے میں بولیں۔۔۔جی امی ٹھیک ہے۔۔۔رضوان اٹھتا ہوا بولا۔۔۔۔

ارے آپ نے کیوں ہاں کی۔۔۔اب کیا ساری زندگی آپ اخراجات پورے کریں گے ان بچوں کے۔۔۔۔۔۔۔

انعم غصے سے رضوان پر برس پڑی تھی۔۔۔انعم تم فکر نہیں کرو۔۔۔

سب مل کر پیسے دیں گے۔۔۔میں اکیلا خرچ نہیں اٹھاؤں گا ان۔کا۔۔۔؟؟


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

رضوان اسے تسلی دیتا ہوا بولا۔۔۔وقت تیزی سے پر لگا کر اڑ رہا تھا۔۔۔

اک گھنٹے کی ملاقات۔۔۔وہ بھی اک مہینے کے بعد۔۔۔اک ماں کے دل کو کہاں صبر آتا ہے۔۔۔

آج بھی مومنہ صبح ہی صبح راولپنڈی جانے کے لئے تیار ہو گئی تھی۔۔۔

مومنہ کچھ کھا تو لو۔۔۔امی مجھے بھوک نہیں ہے۔۔۔بس آپ جلدی سے مظہر کو اٹھا دیں

۔۔۔۔۔۔

اتنی مشکل سے تو اک مہینہ گزرتا ہے۔۔۔اچھا ٹھیک ہے میں اسے اٹھاتی ہوں۔۔۔

تب تک تم کچھ کھاؤ۔۔۔۔۔لمبا سفر ہے۔۔۔طبیعت نا خراب ہو جائے۔۔۔

جی امی۔۔۔مومنہ اثبات میں سر ہلاتی ہوئی بولی۔۔۔مظہر اثر کتنی دیر لگاؤ گے۔۔۔

اب بس بھی کرو۔۔۔مومنہ جلدی سے ناشتہ کر چکی تھی۔۔۔اور اب مظہر پر غصہ ہو رہی تھی۔۔۔۔۔

آگیاہوں آپی۔۔۔کیوں صبح صبح غصہ ہو رہی ہیں۔۔۔۔ چلیں۔۔۔ مظہر مسکراتے ہوئے بولا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

سارا راستہ وہ بچوں کے بارے میں سوچتی ہوئی گئی تھی۔۔۔۔۔۔

ماما۔۔۔ مومنہ کو دیکھتے ہی بچے اس کی طرف بھاگے تھے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

عالیہ دونوں بھائیوں کا خیال رکھ رہی ہو نا۔۔۔جی۔ماما۔۔۔ارے سمیر کتنا بڑا ہو گیا ہے میرا بچہ۔۔۔۔

مومنہ سمیر کا منہ چومتے ہوئے بولی۔۔۔ارے بھئی میں تو کرتی ہوں صاف اور سیدھی بات۔۔۔۔۔۔۔۔

اب تمہارا یہاں آنا میری برداشت سے باہر ہو گیا ہے۔۔۔اس لئے جتنی دیر ملنا ہے مل لو۔۔۔۔

اس کے بعد ہمیشہ کے لئے تم اپنے راستے۔۔۔اور ہم اپنے راستے۔۔۔۔

مومنہ شاکڈ سی نصرت کو دیکھ رہی تھی۔۔۔پر امی میں۔۔۔میں ساری زندگی کیسے گزاروں گی۔۔۔۔

یہ میرا مسئلہ نہیں ہے۔۔۔بہر حال تم آج کے بعد دوبارہ یہاں کبھی نہیں آؤ گی۔۔۔

مظہر۔؟۔مظہر ان کو سمجھاؤ۔۔۔میں اپنے بچوں کے بغیر نہیں رہ سکتی۔۔۔

مومنہ مظہر کی طرف دیکھتی ہوئی بولی۔۔۔آنٹی آپ ایسا نہیں کر سکتیں۔۔۔کچھ تو خدا کا خوف کریں۔۔۔

اللہ سے ڈریں۔۔۔میں ہاتھ جوڑتا ہوں آپ کے سامنے۔۔۔میری بہن نے بہت مشکلات دیکھی ہیں۔۔۔۔۔۔

اس کی۔زندگی اور مشکل مت بنائیں۔۔۔۔مظہر نصرت کے سامنے ہاتھ جوڑتا ہوا بولا۔۔۔

بس اب یہ ڈرامے مت شروع کرو۔۔؟اور جلدی سے بچوں سے ملو۔۔


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اور جاؤ یہاں سے۔۔۔نصرت بغیر کسی لچک کے بول رہی تھیں۔۔۔۔۔۔

اور مومنہ ہمیشہ کے لئے اپنے بچوں کو روتا چھوڑ کر خالی دامن وہاں سے چلی آئی تھی

۔۔۔۔۔۔

زندگی سوگوار سی ہو گئی تھی۔۔۔سب کچھ چھن گیا تھا۔۔۔۔۔

گھر میں ہر کوئی خاموشی کا لبادہ اوڑھے رکھتا۔۔۔ہنسنا تو جیسے سب بھول گئے تھے

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آج بچوں کو چھوڑ کے آئے ہوئے دو ماہ ہو چکے تھے۔۔۔سب خاموشی سے بیٹھے کھانا کھانے میں مصروف تھے۔۔۔

مظہر نے اپنی امی کی طرف دیکھتے ہوئے اشارہ کیا۔۔۔مومنہ مجھے تم سے کچھ بات کرنی تھی۔۔۔۔

مومنہ جو کھانا کھا کر اٹھنے لگی تھی امی کی آواز پر فوراً بیٹھ گئی۔۔۔۔

جی امی کیا بات کرنی تھی۔۔۔ مومنہ تمہارے لئے لاہور سے اک رشتہ آیا ہے۔۔۔

اور۔۔۔ امی پلیز۔۔۔ میں آپ لوگوں پر بوجھ ہوں تو مجھے بتا دیں۔۔۔

میں کسی دارالامان میں چلی جاتی ہوں۔۔۔ لیکن پلیز میری زندگی کو اور مشکل نہ بنائیں

۔۔۔۔۔

مومنہ روتے ہوئے بولی۔۔۔ مومنہ تم غلط سمجھ رہی ہو۔۔۔ میرا یہ مطلب ہرگز نہیں

تھا۔۔۔

پر بیٹا ہماری پتا نہیں کتنی زندگی بچی ہے۔۔۔ اس لئے میں تمہیں ایسے دربدر چھوڑ کر نہیں

جانا چاہتی۔۔۔

اپنے ماں باپ کے لئے مان جاؤ۔۔۔ مومنہ نے نم آنکھوں سے اپنے ابو کی طرف دیکھا

۔۔۔۔

جنہوں نے اس کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے اثبات میں سر ہلا دیا تھا۔۔۔۔


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اور اک بار پھر سے مومنہ کو قربانی دینی تھی۔۔۔ٹھیک ہے امی جیسا آپ کو بہتر لگے آپ کر لیں۔۔۔

مجھے کوئی اعتراض نہیں ہو گا۔۔۔۔مومنہ اپنی بات کہہ کر وہاں رکی نہیں تھی۔۔۔۔

اور کچھ دنوں بعد ہی انتہائی سادگی سے نکاح کے بعد مومنہ کی رخصتی کر دی گئی تھی

۔۔۔۔۔۔

لیکن ایاز مومنہ کی سوچ سے بھی زیادہ اچھا شوہر ثابت ہوا تھا۔۔۔۔

اور بچے جن میں دو بیٹے اور دو بیٹیاں تھیں۔۔۔ماں کی کمی پوری ہونے پر بہت خوش تھے

۔۔۔۔۔۔

سائرہ آپ بالکل میری عالیہ جیسی ہو۔۔۔۔پتا ہے وہ بہت سمجھدار تھی۔۔۔

یا شاید وقت نے اسے پہلے ہی سمجھدار بنا دیا تھا۔۔۔۔مومنہ اک گہری سانس خارج کرتی ہوئی بولی۔۔۔

اچھاتو ماما وہ ہے کہاں۔۔۔؟؟اس کی دادی نے نہیں آنے دیا۔۔۔۔۔۔۔

انہوں نے عالیہ اثر دونوں بیٹوں کو اپنے پاس رکھ لیا تھا۔۔۔اب تو اک سال ہونے کو آیا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

میں نے ان کو دیکھا بھی نہیں۔۔۔بس دعاؤں میں یاد رکھتی ہوں۔۔۔

ماما ہم ہیں نا آپ کے پاس۔۔۔۔اللہ پاک ہمارے بہن بھائیوں کو جلدی ہی ہم سے ملوائیں گے۔۔۔۔۔۔۔۔

سائرہ مومنہ کے گرد بازو حمائل کرتی ہوئی بولی۔۔۔۔آمین میری جان۔۔۔۔

چلو اب تم پڑھائی کرو۔۔۔میں کھانا بنالوں۔۔۔ٹھیک ہے ماما۔۔۔۔۔۔۔

بس یہ گریجویشن کے ایگزامز ہو جائیں۔۔۔پھر میں بھی آپ کی ہیلپ کروایا کروں گی۔۔۔

ہاں بالکل۔۔۔میری بیٹی نے سسرال بھی تو جانا ہے۔۔۔۔۔۔ماما اتنی جلدی۔۔۔

سائرہ حیرانی سے بولی۔۔۔۔میری جان آپ کے پاپا نے کہا ہے۔۔۔کہ اور سائرہ دونوں بہن بھائیوں کی اکھٹی شادی کردی جائے۔۔۔۔۔۔

میں نے بھی یہی کہا تھا کہ جلدی ہے۔۔۔پر وہ کہتے کہ اپنی زندگی میں ہی اپنا فرض ادا کرنا چاہتے ہیں۔۔۔

ٹھیک ہے ماما۔۔۔جو آپ لوگوں کا فیصلہ ہوگا۔۔۔مجھے منظور ہوگا۔۔۔۔

سائرہ گردن جھکاتی ہوئی بولی۔۔۔۔اور مومنہ اس کے سر پر ہاتھ رکھتی اٹھ گئی۔۔۔

زندگی بھی کس ڈگر پر چل پڑی ہے۔۔۔۔یہاں میں ان بچوں کا ہر طرح سے خیال رکھتی ہوں۔۔۔۔۔۔۔۔

پتا نہیں کوئی میرے بچوں کا خیال بھی رکھتا ہوگا یا نہیں۔۔۔۔۔

وقت کیسے پر لگا کر اڑ رہا تھا۔۔۔کیا میری آزمائش کبھی ختم ہوگی۔۔۔؟؟

اللہ میں نے ہر وقت میں صبر و تحمل کا دامن ہاتھ سے نہیں چھوڑا۔۔۔۔

میرے مولا کیا کبھی میرے بچے مجھے واپس ملیں گے۔۔۔؟؟اللہ تو تو ستر ماؤں سے زیادہ پیار کرتا ہے۔۔۔

میری آزمائش کب ختم ہو گی۔۔۔؟؟ بارہ سال ہو گئے ہیں۔۔۔۔۔

اب تو میری سن لے۔۔۔؟ میرا سمیر چھوٹا سا تھا۔۔۔ کتنا بڑا ہو گیا ہو گا وہ۔۔۔۔

پتا نہیں اپنی ماں کو پہچانے گا بھی یا نہیں۔۔۔ آنسو تھے کہ رکنے کا نام ہی نہیں لے رہے تھے۔۔۔۔۔

زبان اک بھی لفظ بولنے سے قاصر تھی۔۔۔ دعا میں اٹھے ہاتھ لرز رہے تھے۔۔۔

اک ماں کی سسکیاں عرش تک گئی تھیں۔۔۔ بہت جلد آزمائش کا وقت ختم ہونے والا تھا۔۔۔

عالیہ میں تھک گیا ہوں۔۔۔ پلیز جلدی سے کچھ کھانے کے لیے لا دو۔۔۔۔

زین جب میں یہاں نہیں ہوتی تب کیا کرتے ہو۔۔۔ کیا چاچی لا کر دیتی ہیں کھانا

۔۔۔۔؟؟

ارے کہاں یار۔۔۔چاچی کو اتنی فرصت کہاں۔۔۔چاچو آفس میں اتنا کام کرواتے ہیں

۔۔۔

اتنا تھکا ہوا آتا ہوں۔۔۔آ کر خود کھانا بناتا ہوں۔۔۔وہ تو بھلا ہو حسن بھائی کا۔۔۔

اور تمہاری ساس کا۔۔۔جو ہر ہفتے اک چکر لگانے کی اجازت دے دیتے ہیں تمہیں۔۔۔

پتا نہیں کیا بنے گا ہمارا۔۔۔زین افسوس سے سر ہلاتا ہوا بولا۔۔۔۔۔۔۔

کوئی بات نہیں زین۔۔۔ہمیں تو اس بات کا شکر ادا کرنا چاہئے کہ اب ہم لوگ ان کے

محتاج نہیں رہے۔۔۔

شادی کے وقت میں نے بہت ہنگامہ کیا تھا۔۔۔پر ابھی میں کہتی ہوں۔۔۔

کہ حسن سے شادی کر کے میں نے بہت اچھا کیا۔۔۔ حسن اتنا خیال رکھتے ہیں میرا۔۔۔

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

افففف میں بھی کیا باتیں لے کر بیٹھ گئی۔۔۔ تم فریش ہو لو تب تک میں تمہارے لئے کچھ کھانے کو لے کر آتی ہوں۔۔۔

عالیہ فوراً اٹھتی ہوئی بولی۔۔۔۔اور زین نے مسکرا کر سر ہلا دیا تھا۔۔۔

مجھے تو سمجھ نہیں آتا آپ پیسوں کا کرتی کیا ہیں۔۔۔؟؟ ارے درختوں پر نہیں لگتے پیسے ۔۔۔۔

حق حلال کی کمائی ہے میرے میاں کی۔۔۔انعم رضوان کی طرف اشارہ کرتی ہوئی بولی۔۔۔۔۔

اور وہ ارباز بھائی ہی تھے جنہوں نے آپ کو سر پر چڑھا تھا۔۔۔۔

میرے ساتھ رہنا ہے تو میرے اصولوں کے مطابق رہنا ہو گا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ہر ضرورت پوری کرتے ہیں۔۔۔۔ یہ کیا کم ہے۔۔۔؟؟ اس عمر میں تو لوگ ویسے ہی ساس کو گھر سے نکال دیتے ہیں۔۔۔

لوگوں کے گھروں سے مانگ کر کھاتی ہیں پھر وہ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آپ کو تو شکر ادا کرنا چاہیے۔۔۔پر آپ کی تو عیاشیاں ہی ختم نہیں ہوتیں۔۔۔

اونہہ۔۔۔۔ابھی ہاتھ بہت تنگ ہے۔۔۔جب پیسے ہوئے دے دیں گے۔۔۔۔۔۔۔۔

ابھی نہیں ہیں پاس۔۔۔اور نصرت رضوان کی طرف دیکھ کر رہ گئی تھی۔۔۔

جو اپنی بیوی کی باتیں چپ کر کے سنتا رہا۔۔۔لیکن بولا کچھ نہیں۔۔۔۔

عالیہ کچن میں کھڑی بآسانی سب سن سکتی تھی۔۔۔نصرت نے بھی کچن میں عالیہ کو کھڑے دیکھ کر ادھر کا رخ کیا تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

دیکھ رہی ہو بیٹا۔۔۔۔یہ کل کی آئی عورت کیسے میرے سامنے زبان چلا رہی ہے۔۔۔

اس بات کا دکھ نہیں مجھے۔۔۔دکھ تو اس بات کا ہے کہ میرا بیٹا سب سن کر بھی خاموش رہا۔۔۔۔

لیکن بیوی کو چپ نا کروایا۔۔۔ نصرت اپنے پلو سے آنسو صاف کرتی بھرائی ہوئی آواز میں بولیں۔۔۔

امی شاید چاچو آج بول پڑتے۔۔۔۔ شاید چاچی کے اس طرح آپ کے سامنے بولنے پر انہیں اک تھپڑ بھی رسید کرتے۔۔۔۔۔

کہ تم کون ہوتی ہو میری ماں کے سامنے زبان چلانے والی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن امی وہ ایسا کیوں کرتے۔۔۔۔۔؟؟ جس نے جو بویا تھا وہ اب کاٹنے کی باری ہے۔۔۔۔

آپ نے جو میری ماں کے ساتھ کیا۔۔۔ وہ سب سن کے تو دشمن کی روح بھی کانپ جائے ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

لیکن آپ کو اس بیوہ پر ترس نہیں آیا۔۔۔ آپ کو کیا لگتا ہے ہم سب کچھ بھول چکے ہیں ۔۔۔۔۔۔؟؟؟


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

نہیں امی۔۔۔آپ کا اک اک لفظ ہمارے دل پر لکھا ہوا ہے۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس کے بچوں کو اس سے چھین لیا۔۔۔آپ کا دل کیوں نا پھٹ گیا۔۔۔۔۔

آپ کو ہم یتیموں پر ترس کیوں نا آیا۔۔۔؟؟ کہ آپ نے ہماری ماں کو ہم سے چھین لیا۔۔۔۔

ہم نے ہماری ماں کے ہوتے ہوئے بھی مسکینوں کی سی زندگی گزاری ہے۔۔۔

اور آپ اپنے بیٹے کے چپ رہنے کا شکوہ کرتی ہیں۔۔۔میرا وہ بھائی جو آج قد میں آپ سے بھی اونچا ہے۔۔۔

اس وقت بول بھی نہیں سکتا تھا۔۔۔آپ کو اا وقت اس بچے پر ترس کیوں نا آیا۔۔۔؟؟

میں جانتی ہوں میں نے سمیر کو کس طرح پالا ہے۔۔۔اور آپ صرف پیسے نا ملنے پر یہاں کھڑی آنسو بہا رہی ہیں۔۔۔

تب کیوں نا آپ کا دل نرم ہوا۔۔۔آپ کی آنکھوں میں آنسو کیوں نا آئے۔۔؟؟


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

جب میری ماں آپ کے قدموں میں پڑی بلک رہی تھی۔۔۔کہ اس کو اس کے بچوں سے جدا نا کریں۔۔۔۔

تب کیوں نا آپ کو خدا یاد آیا۔۔۔۔؟؟آج ہم بھی زندہ ہیں۔۔۔۔۔

آپ بھی زندہ ہیں۔۔اور یقیناً ہماری ماں بھی زندہ ہو گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیونکہ آج سے مکافاتِ عمل شروع ہوا چاہتا ہے۔۔۔جو ظلم آپ نے مخلوقِ خدا پر کیئے ہیں۔۔۔۔۔۔

ان کا حساب دینا ہے۔۔عالیہ ٹھہر ٹھہر کر ہر لفظ ادا کر رہی تھی۔۔۔۔۔

اس کے ہر لفظ میں وزن تھا۔۔۔۔اور نصرت کی حالت تو کچھ یوں تھی کہ کاٹو تو بدن میں لہو نہیں۔۔۔

ن۔۔۔نہیں۔۔۔نہیں۔۔۔۔عالیہ میری بات سنو۔۔۔سارا ماضی نصرت کی آنکھوں کے سامنے آ گیا تھا۔۔۔۔۔


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

میری بچی مجھے معاف کر دو۔۔۔ نصرت ہاتھ جوڑتے ہوئے بولی تھیں۔۔۔

امی وقت بہت آگے آچکا ہے۔۔۔ معافی کا وقت تو کب کا نکل چکا۔۔۔۔

اب تو سزا و جزا کو وقت ہے۔۔۔ ہمیں ہمارے صبر کا صلہ ملے گا۔۔۔۔۔

اثر آپ نے جو کیا ہے وہ اب بھگتنا پڑے گا۔۔۔ عالیہ اپنی بات مکمل کر کے وہاں رکی نہیں تھی۔۔۔۔

اب پچھتانے کا کوئی فائدہ نہیں تھا۔۔۔ مومنہ۔۔۔ ہاں۔۔۔ ہاں مومنہ سے معافی مانگوں گی۔۔

وہ مجھے معاف کر دے گی۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

کیا ہوا ہے۔۔۔ اتنی دیر کہاں لگا دی تھی۔۔۔ زین عالیہ کو اندر آتے دیکھ کر بولا۔۔۔

کچھ نہیں زین۔۔۔ بس اب ہمارے امتحان ختم ہوئے۔۔۔ ہماری آزمائش مکمل ہوئی۔۔۔

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

عالیہ چہرہ ہاتھوں میں چھپائے پھوٹ پھوٹ کر رو دی تھی۔۔۔۔۔۔۔۔

عالیہ ہوا کیا ہے۔۔۔؟؟ کچھ نہیں زین۔۔۔ حسن آتے ہوں گے۔۔۔اب میں جاتی ہوں ۔۔۔

سمیر کے پیپر کیسے ہو رہے ہیں۔۔۔؟؟ کہہ تو رہا تھا کہ اچھے ہو رہے ہیں۔۔۔

زین کندھے اچکاتے ہوئے بولا۔۔۔اچھا آئے تو اس کو میرا اسلام دینا۔۔۔

میری طرف سے پیار کرنا۔۔۔اور ہاں ہمیشہ کی طرح اس کا خیال رکھنا۔۔۔

عالیہ زین کے بالوں میں ہاتھ پھیرتی ہوئی بولی۔۔۔اچھا دادی ماں ٹھیک ہے۔۔۔

اور عالیہ زین کی بات پر بے اختیار ہنس دی تھی۔۔۔ کیسا دھوپ چھاؤں سا عالم۔ تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آنکھوں میں آنسو۔۔۔اور لبوں پر ہنسی۔۔۔زین کو بے اختیار مومنہ یاد آئی تھی۔۔۔


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

امی۔۔۔کہاں جارہی ہیں۔۔۔؟؟عالیہ جو گھر سے باہر نکلنے لگی تھی۔۔۔

نصرت کو سڑک پار کرتے دیکھ کر فوراً اُس طرف بھاگی تھی۔۔۔۔۔

مومنہ۔۔۔عالیہ مومنہ کے پاس جانا ہے مجھے۔۔۔امی گھر چلیں آپ۔۔۔

عالیہ کیا ہوا ہے۔۔۔؟؟تم یہاں کیا کررہی ہو۔۔۔؟؟حسن جو عالیہ کو لینے گھر آرہا تھا۔۔۔

اسے یوں راستے میں کھڑے دیکھ کر فوراً اُس تک آیا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

حسن امی کو پتا نہیں کیا ہو گیا ہے۔۔۔بار بار ماما سے ملنے کی ضد کررہی ہیں۔۔۔

آنٹی گھر چلیں۔۔۔مومنہ۔۔۔مومنہ کے پاس جانا ہے۔۔۔مجھے مومنہ کے پاس لے چلو۔۔۔۔

نہیں تو میں خود چلی جاؤں گی۔۔۔اچھا ٹھیک ہے چلتے ہیں۔۔۔۔

آج آپ کو اپنی۔ماں سے ملادیتی ہوں۔۔۔کہ ہم آپ جیسا دل نہیں رکھتے۔۔۔

اور آج بارہ سال بعد گاڑی پھر سے اس راستے پر چل پڑی تھی۔۔۔

جس راستے سے ان کی بہت سی یادیں جڑی تھیں۔۔۔

اسلام علیکم۔۔۔کیسے ہیں سب۔۔۔۔؟؟وعلیکم اسلام۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

آپی اس طرح اچانک مت آیا کریں۔۔۔۔مظہر احتجاج کرتا ہوا بولا۔۔۔۔

ماموں ہم ایسے ہی آئیں گے۔۔۔یہ ہمارا اسٹائل ہے۔۔۔فائز کالر جھٹکتا ہوا بولا۔۔۔

اور مومنہ اس کی بات پر ہنس دی تھی۔۔۔نانو آپ کو پتا ہے میں آپ کو بہت مس کیا۔۔۔

سائرہ اپنی نانی کے گلے لگتے ہوئے بولی۔۔۔اور تم کیسے ہو موٹے۔۔۔؟؟

سائرہ محسن کے گلے لگتے ہوئے بولی۔۔۔اونہہ۔۔۔پیچھے ہٹو۔۔۔موٹی بھینس۔۔۔

اک تو اتنی۔ گرمی ہے۔۔۔اوپر سے ایسے چپک جاتی ہے۔۔۔ محسن اسے پیچھے کرتا ہوا

بولا۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

موٹے ہو گے تم۔۔۔اگر تم مظہر ماموں کے بیٹے نا ہوتے تو تمہیں بتاتی میں۔۔۔

سائرہ اسے انگلی دکھاتی ہوئی بولی۔۔۔ہر طرف خوشیاں تھیں۔۔۔زندگی سنور گئی تھی

۔۔۔۔۔۔

تبھی دروازے پر دستک ہوئی۔۔۔ابو آپ بیٹھیں میں دیکھتا ہوں۔۔۔۔

مظہر انہیں بیٹھنے کا کہتا دروازے تک گیا تھا۔۔۔اور اسے اپنی آنکھوں پر یقین نہیں آرہا تھا

۔۔۔

نصرت،عالیہ۔۔۔اور ان انجان لڑکا ان کے ساتھ کھڑا تھا۔۔۔۔ماموں۔۔۔۔

عالیہ کانپتی آواز کے ساتھ مظہر کے گلے لگی تھی۔۔۔اور نصرت میں تو ملنے کی ہمت بھی باقی نا رہی تھی۔۔۔

رونے کی آواز سنتے ہی سب باہر کی طرف آئے تھے۔۔۔نصرت کو دیکھتے ہی مومنہ کے قدم رک گئے تھے۔۔۔

عالیہ دھاڑیں مار کر رو رہی تھی۔۔۔ حسن کے لئے یہ سب لوگ انجان تھے۔۔۔

وہ دروازے میں کھڑا ان سب کو دیکھ رہا تھا۔۔۔

معافی کی بھیک مانگتی ہوں میں تم سے۔۔۔ نصرت قدم قدم چلتی مومنہ تک آئی۔۔۔

اور اس کے قدموں میں بیٹھ کر اپنا دوپٹہ پھیلاتی ہوئی بولی۔۔۔۔۔۔۔

معاف کر دو۔۔۔مجھے معاف کر دو مومنہ۔۔۔جب تک تم۔معاف نہیں کروگی۔۔۔

خدا بھی مجھے معاف نہیں کرے گا۔۔۔خدا کے قہر سے مجھے بچا لو مومنہ۔۔۔

عمر کا تقاضا تھا یا خوفِ خدا۔۔۔مومنہ سمجھنے سے قاصر تھی۔۔۔

امی۔۔۔اٹھیں۔۔۔نہیں مجھے معاف کر دو پہلے۔۔۔کہو کے تم نے مجھے معاف کیا۔۔۔

امی مومعاف کرتی ہوں آپ کو۔۔۔خدا کی رضا کے لئے معاف کرتی ہوں آپ کو۔۔۔

آنسو تواتر سے مومنہ کا چہرہ بھگو رہے تھے۔۔۔آنٹی یہ لیں پانی پیئیں۔۔۔


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

مظہر پانی کا گلاس نصرت کی طرف بڑھاتا ہوا بولا۔۔۔اور نصرت کو وہ وقت یاد آیا تھا

۔۔۔۔۔

جب اس نے اسی مظہر کو اتنی ہی گرمی میں اپنے گھر سے پانی کا اک گھونٹ نا پینے دیا

تھا۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اور بے اختیار نصرت نے مظہر کے آگے ہاتھ جوڑ دیئے تھے۔۔۔اور مظہر کیسے وہ وقت

بھول سکتا تھا۔۔۔

آنٹی میں معاف کرتا ہوں آپ کو۔۔اب یہ پانی پی لیں۔۔۔اور مومنہ عالیہ کی طرف

بڑھی تھی۔۔۔

اک ماں کو بارہ سال بعد اپنی بیٹی سے مل کر اور اک بیٹی کو اپنی ماں سے مل کر۔۔۔

جو سکون ملا تھا شاید دنیا کی کسی کونے میں نہیں مل سکتا تھا۔۔۔۔

ہر آنکھ اشکبار تھی۔۔۔خدا کے گھر دیر ہے۔۔اندھیر نہیں۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

مومنہ پاگلوں کی طرح عالیہ کا منہ چوم رہی تھی۔۔۔عالیہ۔۔۔میری جان۔۔۔

زین اور سمیر کہاں ہیں۔۔۔؟؟مومنہ ہچکیوں میں بول رہی تھی۔۔۔

ماماوہ راولپنڈی ہی ہیں۔۔۔عالیہ انہیں بھی کال کرو جلدی۔۔۔میں ترس گئی ہوں۔۔۔

اپنے جگر کے ٹکڑوں کو دیکھنے کے لئے۔۔۔جی ماما۔۔عالیہ جلدی سے حسن کی طرف
بڑھی تھی۔۔۔

ماما۔۔یہ۔۔۔یہ حسن ہیں۔۔۔میرے شوہر۔۔۔عالیہ نے حسن کا تعارف کروا کر زین
کو کال کی تھی۔۔۔۔۔۔۔

اور زین اور سمیر کے آتے ہی یہ خوشیاں بارہ سال بعد پھر سے مکمل ہوئی تھیں۔۔۔

براوقت ٹل گیا تھا۔۔۔اور اللہ پاک کی ذات کبھی کسی کے ساتھ برا نہیں ہونے دیتی

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

ختم شد


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

* * * * *

یہ اک حقیقی کہانی ہے۔۔۔صرف کرداروں کے نام تبدیل کئے گئے۔۔۔۔۔ہمارے

معاشرے میں یہ سب ہونے والا اک کڑوا سچ۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

خدارا لڑکیوں کو شادی کے بعد اپنی بیٹیاں سمجھیں۔۔۔۔

خوش رہیں۔۔۔آباد رہیں۔۔۔دعاؤں میں یاد رکھیئے گا۔۔۔

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL